8۔ غلیظ غبار حلق تک پہنچانا

۸۔ غلیظ غبار حلق تک پہنچانا

مسئلہ۸۶۴۔ احتیاط واجب کی بنا پر روزے دار کو چاہئے کہ غلیظ غبار مثلاً مٹی والی زمین پر جھاڑو دینے سے اٹھنے والا غبار اور سیگریٹ وغیرہ کا دھواں حلق تک نہ پہنچائے اور اگر ایسا کرے تو احتیاط کی بناپر اس کا روزہ باطل ہوگا ۔

مسئلہ۸۶۵۔ سانس کی بیماری کی دوا کے طور پراسپرے کا ستعمال روزہ دار کے لئے کوئی اشکال نہیں رکھتا اور روزہ باطل ہونے کا باعث نہیں ہے۔

مسئلہ۸۶۶۔ غبار اور دھواں کا منہ یا ناک میں داخل ہونا اگر حلق تک نہ پہنچے تو روزے کو باطل نہیں کرتا ہے۔

مسئلہ۸۶۷۔ اگر ہوا کی وجہ سے غلیظ غبار اٹھے اور انسان روزے کی طرف متوجہ ہونے کے باوجود احتیاط نہ کرے اور غبار حلق تک پہنچ جائے تو احتیاط واجب کی بناپر اس کا روزہ باطل ہوگا۔

مسئلہ۸۶۸۔ اگر کوئی شخص بھول جائے کہ روزہ ہے اور غبار وغیرہ حلق تک پہنچ جائے تو روزہ باطل نہیں ہوگا۔ اسی طرح اگر بے اختیار غبار حلق تک پہنچ جائے تو بھی روزہ صحیح ہے۔